ilmkidunya

Urdu - 10th Class Urdu Chapter 19 Preparation

Q1. نظم کسان میں نبض خاک پر انگلیاں رہنے سے کیا مراد ہے

Ans 1: نبض خاک پر انگلیاں رہنے کا مطلب یہ ہے کہ کسان سارا دن زمین کی دیکھ بھال اور کاشتکاری میں مصروف رہ کر گزار دیتا ہے

Q2. شاعر نے کسے ارتقاء کا پیشوا کہا ہے.

Ans 1: شاعر نےکسان کو ارتقاء کا پیشوا کہا ہے.

Q3. شام کے وقت کسان کی کیا صورتحال ہوتی ہے.

Ans 1: شام کے وقت کسان کے دھوپ سے جھلسے ہوئے بدن پر محنت اور مشقت کے نشان اور علامات ظاہر ہوتی ہے.

Q4. نظم "کسان' کے شاعر کا نام بتائیں.

Ans 1: نظم "کسان" کے شاعر جوش ملیح آبادی ہیں.

Q5. نظم کے دوسرے شعر میں شاعر نے کن الفظ میں کسان کی تحسین کی ہے.

Ans 1: شاعرنے کسان کو ارتقاء کا پیشوا اور تہزیب کا پروردگار کہ کر خراج تحسین پیش کیا ہے.

Q6. کھیت سے منہ پھیر کر کسان کہاں جاتا ہے.

Ans 1: کھیت سے منہ پھیر کر کسان گھر جاتا ہے.

Q7. شاعر نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے اسے دوسطروں میں لکھے

Ans 1: سورج غروب ہوتے ہی تمام کھیتیاں میداں ویران ہوجاتے ہیں اور کسان دھوپ میں جھلسے ہوئے چہرے پر مشقت کے نشان لے کر کھیتوں سے منہ پھیر کر گھر کی جانب رواں دواں ہے

Q8. جلوہ قدرت کا شاہد" سےکون مراد ہے".

Ans 1: جلوہ قدرت کا شاہد ' سے مراد کسان ہے یعنی کسان تمام قدرتی نظاروں کا مشاہدہ کرتا ہے'.

Q9. شاعر جوش ملیح آبادی نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے

Ans 1: شاعر جوش ملیح آبادی کہتا ہے کہ کسان جب دوپہر کو گھر آتا ہے تو اس کا منہ گرمی سے حھلسا ہوا ہوتا ہے جس میں محنت اور مشقت کے اثرات نمایاں ہوتے ہیں

Q10. کسان کے دن رات کیسے گزرتےہیں.

Ans 1: رات کے وقت کسان کی نظر افلاک پر ہوتی ہے- اور دن کے وقت اس کی انگلیاں خاک پر ہوتی ہیں یعنی دو دن رات کے بارے میں موسم کا انداسہ لگاکر فکر کرتا ہے اور دن کے وقت اپنے کھیتوں میں کام کرتا ہے.